بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، لاہور

نمبر: 435-اے ایس ایف بتاریخ 17-11-2020

نوٹیفکیشن

بورڈ ھذا کے زیر اہتمام سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ جماعت نہم و دہم (سالانہ) امتحان **2021ء** کے شروع ہونے کی تاریخ **06-مارچ 2021ء** ہے۔ مذکورہ امتحان میں شرکت کے لئے ریگولر اور پرائیویٹ امیدواروں کے داخلہ فارم مع امتحانی فیس وصول کرنے کا شیڈول حسب ذیل ہے۔

آغاز انعقاد سیکنڈری سکول جماعت دہم (سالانہ) امتحان 2021ء مورخہ 06-مارچ 2021ء

-1	سنگل فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ	16- نومبر 2020ء تا 10- دسمبر 2020ء
-2	دوگنا فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ	11- دسمبر 2020ء تا 21- دسمبر 2020ء
-3	تین گنا فیس کے ساتھ داخلہ فارم وصول کرنے کی آخری تاریخ	22- دسمبر 2020ء تا 29- دسمبر 2020ء

اہم قواعد:-

1۔ حکومت پنجاب کے سکولوں کے سربراہان سنگل فیس کے ساتھ امتحانی داخلہ فارموں کی وصولی کے شیڈول برائے جماعت نہم و دہم **مورخہ 16-نومبر 2020ء تا 10- دسمبر 2020ء** تک اپنے ادارے کے ریگولر طلباء/ طالبات کے داخلہ فارم بغیر امتحانی فیس کے جمع کرواسکیں گے۔ تاہم پروسیسنگ فیس مبلغ **-/395** روپے اور اصل سند/ سرٹیفکیٹ فیس مبلغ **-/550** روپے (فی امیدوار) ادا کرنے کے پابند ہوں گے۔ نیز جماعت نہم کے امتحان میں شرکت کرکے کامیابی حاصل نہ کر سکنے والے امیدواران جماعت دہم کے امتحان کا فارم جمع کراتے وقت جماعت نہم و دہم (دونوں پارٹس) کی امتحانی فیس مع دیگر واجبات ادا کرنے کے پابند ہوں گے اسی طرح جماعت نہم میں شرکت کرکے کامیابی حاصل نہ کر سکنے کے بعد جماعت نہم میں دوبارہ داخل ہونے والے امیدواران بھی امتحانی فیس و دیگر واجبات ادا کرنے کے پابند ہوں گے۔ نیز ادارہ کا الحاق کوڈ، بنک چالان کا نمبر مالیاتی فارم پر درج کرنا لازم ہوگا۔

2۔ ایسے امیدواران جنہیں بورڈ کے کسی بھی فیصلہ کے تحت فیس معافی کی سہولت حاصل ہے۔ ایسی سہولت صرف سنگل فیس کے شیڈول تک محدود ہے۔ سنگل فیس کے ساتھ داخلہ فارم جمع کرانے کی تاریخ گزر جانے کے بعد وہ بھی دیگر امیدواران (پرائیویٹ/ ریگولر) کی طرح شیڈول کے مطابق امتحانی فیس مع دیگر واجبات جمع کرانے کے پابند ہوں گے۔ واضح رہے کہ پراسیسنگ فیس **-/395** روپے اور اصل سٹرٹیفکیٹ فیس **-/550** روپے کسی امیدوار کو کسی صورت میں بھی معاف نہیں ہے۔

☆ **29-دسمبر 2020ء کے بعد کوئی داخلہ فارم وصول نہیں کیا جائے گا۔**

☆ شرح فیس نوٹیفکیشن ہذا کی پشت پر ملاحظہ فرمائیں یا بورڈ ہذا کی ویب سائیٹ **www.biselahore.com** وزٹ کریں۔

☆ داخلہ فارمز کی وصولی کا شیڈول بورڈ کی ویب سائٹ **www.biselahore.com** پر بھی دستیاب ہے۔

اسسٹنٹ سیکرٹری فنانس
برائے سیکرٹری

نقل برائے اطلاع:-

تمام آفیسرز بورڈ ہذا، سیکرٹری ہائر ایجوکیشن، سیکرٹری سکولز، چیف ایگزیکٹو آفیسر (ایجوکیشن) لاہور، چیف ایگزیکٹو آفیسر (ایجوکیشن) قصور، چیف ایگزیکٹو آفیسر (ایجوکیشن) شیخوپورہ، چیف ایگزیکٹو آفیسر (ایجوکیشن) ننکانہ، قومی اخبارات اور الحاق یافتہ تعلیمی ادارہ جات کے سربراہان۔

بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن، لاہور

نمبر: 436-اے ایس ایف بتاریخ 17-11-2020

نوٹیفکیشن

بورڈ ھذا کے زیر اہتمام سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ جماعت نہم ودہم (سالانہ) امتحان **2021**ء کے شروع ہونے کی تاریخ **06-مارچ 2021**ء ہے۔ مذکورہ امتحان میں شرکت کے لئے ریگولر اور پرائیویٹ امیدواروں کے لیے سنگل امتحانی فیس ودیگر واجبات کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

تفصیل شرح سنگل امتحانی فیس ودیگر واجبات

ریگولر امیدواران

تفصیل	نویں کلاس	دسویں کلاس	نویں ودسویں (دونوں کلاسز)
سائنس گروپ	-/650روپے	-/650روپے	-/1300روپے
آرٹس مع پریکٹیکل مضمون	-/650روپے	-/650روپے	-/1300روپے
آرٹس بغیر پریکٹیکل مضمون	-/600روپے	-/600روپے	-/1200روپے
پروسیسنگ فیس	-/395روپے	-/395روپے	-/395روپے
اصل سرٹیفکیٹ فیس (صرف جماعت دہم کے ساتھ)	----------	-/550روپے	-/550روپے

پرائیویٹ امیدواران

تفصیل	نویں کلاس	دسویں کلاس	نویں ودسویں (دونوں کلاسز)
سائنس گروپ	-/700روپے	-/700روپے	-/1400روپے
آرٹس مع پریکٹیکل مضمون	-/700روپے	-/700روپے	-/1400روپے
آرٹس بغیر پریکٹیکل مضمون	-/650روپے	-/650روپے	-/1300روپے
رجسٹریشن فیس (صرف ایک مرتبہ)	-/800روپے	------------	-/800روپے
پروسیسنگ فیس	-/395روپے	-/395روپے	-/395روپے
اصل سرٹیفکیٹ فیس (صرف جماعت دہم کے ساتھ)	----------	-/550روپے	-/550روپے

☆ امتحانی فیس کے ساتھ اصل سرٹیفکیٹ فیس -/550 روپے ہر امیدوار کو صرف ایک مرتبہ ادا کرنا ہوگی۔

☆ داخلہ فارمز کی وصولی کا شیڈول نوٹیفکیشن ہذا کی پشت پر ملاحظہ فرمائیں یا بورڈ کی ویب سائٹ **www.biselahore.com** وزٹ کریں۔

☆ شرح امتحانی فیس ودیگر واجبات کی تفصیل بورڈ ھذا کی ویب سائٹ **www.biselahore.com** پر بھی دستیاب ہے۔

اسسٹنٹ سیکرٹری فنانس

برائے سیکرٹری

نقل برائے اطلاع:-

تمام آفیسرز بورڈ ہذا، سیکرٹری ہائر ایجوکیشن، سیکرٹری سکولز، چیف ایگزیکٹو آفیسر (ایجوکیشن) لاہور، چیف ایگزیکٹو آفیسر (ایجوکیشن) قصور، چیف ایگزیکٹو آفیسر (ایجوکیشن) شیخوپورہ، چیف ایگزیکٹو آفیسر (ایجوکیشن) ننکانہ، قومی اخبارات اور الحاق یافتہ تعلیمی ادارہ جات کے سربراہان۔